## ممتاز سماجی رہنما عبدالستار ایدھی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش
## عوام و کارکنان عبدالستار ایدھی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، اپیل

لندن۔۔۔9جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز سماجی رہنما عبدالستار ایدھی کی علالت پر گہرے تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عبدالستار ایدھی کی فلاحی اور سماجی سرگرمیوں کے باعث پاکستان کا نام دنیا بھر میں جانا پہچانا جاتا ہے اور ملک وقوم کیلئے عبدالستار ایدھی قیمتی سرمایہ ہیں لہٰذا ان کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی جائے۔انہوں نے حق پرست خواتین، بزرگوں، کارکنان اورعوام سے اپیل کی کہ وہ عبدالستار ایدھی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## چیف الیکشن کمشنر کے عہدے پر تمام سیاسی جماعتوں کے اتفاق رائے سے جسٹس ریٹائرڈ فخر الدین جی ابراہیم کی تقرری پر رابطہ کمیٹی کا خیر مقدم
## فخر الدین جی ابراہیم ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لئے اپنا بھرپور کردارادا کریں گے، رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔9، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے چیف الیکشن کمشنر کے عہدے پر تمام سیاسی جماعتوں کے اتفاق رائے سے جسٹس ریٹائرڈ فخر الدین جی ابراہیم کی تقرری کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک بیان رابطہ کمیٹی نے امید ظاہر کی ہے کہ جسٹس ریٹائرڈ فخر الدین جی ابراہیم ملک میں صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنائیں گے اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لئے اپنا بھرپور کردارادا کریں گے۔

## گجرات میں سیکوریٹی فورسز کے کیمپ پر دہشت گردوں کا حملہ ملکی سالمیت پر حملے کے مترادف ہے، رابطہ کمیٹی
## دہشت گردوں کے حملے اور فائرنگ کے نتیجے میں 7 فوجی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔9، جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گجرات میں دریائے چناب کے قریب سیکوریٹی فورسز کے کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے اوراندھادھند فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس کے نتیجے میں 7 فوجی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیکوریٹی فورسز کے کیمپ پر دہشت گردوں کی فائرنگ اور مسلح افواج کے جوانوں کو شہید کرنے کا واقعہ ملک کی سالمیت پر حملے کے مترادف ہے اوراس میں ملوث دہشت گرد ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش پر عمل پیرا ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف مسلح افواج ودیگر سیکوریٹی فورسز کے افسران، جوانوں اورعوام کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور دہشت گردوں کا بڑے سے بڑا حملہ دہشت گردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکورٹی فورسز کے عزم وحوصلہ کو کمزور نہیں کرسکتا۔رابطہ کمیٹی نے سیکیورٹی فورسز کے کیمپ میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے فوجی جوانوں کے تمام سوگوار لواحقین سمیت مسلح افواج کے افسران اور جوانوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید جوانوں کے درجات بلند فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری، وزیر اعظم جناب راجہ پرویز اشرف اور وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ گجرات میں سیکوریٹی فورسز کے کیمپ پر مسلح دہشت گردوں کے حملے اورفوجی جوانوں کی شہادت میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اورانہیں قرار واقعی سزادی جائے۔

## لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے 4افراد کے سفاکانہ قتل کانوٹس لیاجائے،وسیم آفتاب
## واقعہ کھلی دہشت گردی ہے، مسلح دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے
## مقتولین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔9جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کیماڑی ٹاؤن محمدی کالونی میں لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے 4افراد کے سفاکانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کوکھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں 4افراد کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔وسیم آفتاب نے فائرنگ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ابڑوبرادری اورکھوکھر برادری سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات کا اپنے ساتھیوں سمیت ملک میں رائج فرسودہ نظام کے خلاف جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اعلان
## قائدتحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ اورفلسفہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے غریبوں کیلئے ایک مکمل ضابطہء حیات ہے،نصیر کھوسو

کوئٹہ۔۔۔9جولائی،2012ء

ابڑوبرادری اورکھوکھر برادری سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے اپنے ساتھیوں سمیت ملک میں رائج جاگیردارانہ،وڈیرانہ،سردارانہ نظام کے خلاف قائدتحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گوٹھ خمیسہ خان ابڑو کی ایک تقریب میں کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی سینٹرل ایگزیکٹوکونسل کے رکن حاجی نصیر احمد کھوسو بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والی شخصیات نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اس ملک کے غریب ومتوسط طبقے کی واحد نمائندہ جماعت ہے جواس ملک میں مڈل ولوئر مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھنے والے باشعور افراد کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج سے ہم ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر منظّم جدوجہد کا آغاز کررہے ہیں اورانشا اللہ وہ دن دور نہیں جب قائدتحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں ملک میں غریب متوسط طبقے کا انقلاب برپا ہوگا۔مزید براں رکن سینٹرل ایگزیکٹوکونسل حاجی نصیر احمد کھوسو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے اپنے کارکنان اورحق پرست عوامی نمائندوں کو ہمیشہ سیاست برائے خدمت کا درس دیا ہے اوران کا ویژن ہے کہ ملک بھر سے غریب ومظلوم طبقے کے نوجوانوں کومنتخب کرکے ایوانوں میں بھیجا جائے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیں جونظریہ اورفلسفہ دیا وہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے غریبوں کیلئے ایک مکمل ضابطہء حیات ہے،ملک کے تمام مظلوموں کواپنے سلب شدہ حقوق کے حصول کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں عملی جدوجہد کرنا ہوگی تاکہ اس ملک پرقابض ظالم حکمرانوں اوران کے رائج کردہ فرسودہ سیاسی نظام کا خاتمہ ہوسکے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹوکونسل کے رکن نے ابڑوبرادری اورکھوکھر برادری سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات کا ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پرزبردست خیرمقدم کیا اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہا۔

## ایم کیوایم امریکہ کنونشن کا تیسرا روز۔۔بہترین کارکردگی پرچیپٹرز کوایوارڈ اورتعریفی اسناد پیش کی گئیں
## ایم کیوایم کا پیغام امریکہ میں آباد پاکستانی کمیونٹی تک ہر قیمت پر پہنچائیں گے۔تقریب سے مقررین کا خطاب

واشنگٹن:۔۔۔9،جولائی2012ء

ایم کیوایم امریکہ کے سولہویں کنونشن کے تیسرے روز تنظیمی اجلاس منعقد ہوئے اورایم کیوایم امریکہ کے اگلے ایک سالہ تنظیمی اہداف کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگرانِ اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی،نگران عبادالرحمان،سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی اور جوائنٹ سینٹرل آرگنائزر ارشد حسین اور ندیم صدیقی نے خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم امریکہ کے اٹھارہ(18) سے زیادہ چیپٹرز کے کارکنان کی بڑی تعداد شریک تھی۔ ایم کیوایم امریکہ کے میڈیا سیل کی جانب سے گزشتہ سال کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

پیش کیا گیا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے انچارج میڈیا سیل عمران حسین نے میڈیا سیل کے بڑھتے ہوئے کاموں اورتنظیمی ذمہ داریوں سے حاضرین کوآگاہ کیا۔میڈیا سیل کےممبران شارق سجاداورفوادرحمان نے ایم کیوایم امریکہ کی نئی ویب سائٹ کی تفصیلات سے حاضرین کوآگاہ کیا۔اس موقع پرنگراں میڈیا سیل توصیف خان اور انچارج عمران حسین کی جانب سے نگرانِ اعلیٰ ودیگر ذمہ داران کوخوبصورت کِتابچے کی شکل میں سالانہ رپورٹ پیش کی گئیں۔کنونشن کے تیسرے روزمنعقدہ اجلاس میں سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے گزشتہ سال بہترین کارکردگی اورتنظیمی خدمات انجام دینے پرچیپٹرزکوایوارڈ اورتعریفی اسنادتقسیم کی گئیں۔سال کے بہترین ایوارڈز اورتعریفی اسناد حاصل کرنے والوں میں اٹلانٹااورشکاگوچیپٹرزسرِفہرست رہے۔ سینٹرل آرگنائزرجنیدفہمی نے اپنےمختصرخطاب میں سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کےممبران کواُنکی نئی ذمہ داریوں سے آگاہ کیااور مختلف چیپٹرزکی تنظیم نوکابھی اعلان کیا۔اس موقع پرکنونشن میں شریک ذمہ دران اورکارکنان سے خطاب کرتے ہوئےنگرانِ اعلیٰ نارتھ امریکہ ڈاکٹر خالدمقبول صدیقی اورنگران عبادالرحمان نے کہاکہ ہم امریکہ میں ایم کیوایم کےنمائندےاورسفیرہیں اوریہ ہماری قومی ذمہ داری اورفریضہ ہے کہ ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کوپاکستانی کمیونٹی تک ہرقیمت پرپہنچائیں۔۔اس موقع پرسینٹرل آرگنائزرجنیدفہمی نے ششماہی کنونشن ڈیٹرائیٹ اوراگلاسالانہ کنونشن اٹلانٹامیں منعقدکرنے کااعلان بھی کیا۔

## لعل شہبازقلندرؒ کےعرس کےموقع پرخدمت خلق فاؤنڈیشن اورمیڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سےسہ روزہ طبّی کیمپ کاانعقاد

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نےطبّی کیمپ کادورہ کرکےطبّی سہولیات کاجائزہ لیا

سہون۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

لعل شہبازقلندرؒ کے 760ویں عرس کی تین روزہ تقریبات کےموقع پرایم کیوایم کےقائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پرمیڈیکل ایڈکمیٹی اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سےسہ روزہ طبّی کیمپ قائم کردیا گیاہے۔سہ روزہ طبّی کیمپ میں جان بچانے والی قیمتی ادویات،جدیدطبّی آلات ومشینری اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس سروس کی سہولت بھی رکھی گئی ہے۔طبّی کیمپ میں میڈیکل ایڈکمیٹی سےتعلق رکھنےوالےمختلف امراض کے ماہرڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل اسٹاف کےارکان موجودہیں جوکیمپ میں آنیوالےزائرین کامکمل معائنہ کرکےانہیں ادویات مفت فراہم کررہے ہیں۔طبّی کیمپ کے پہلے روزکیمپ پرزائرین کازبردست رش رہااوربہت بڑی تعدادمیں مزارپرآنے والے بزرگ،نوجوان،خواتین اوربچوں نےکیمپ پہنچ کرخدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبّی سہولیات سے استعفادہ کیا۔دریں اثناءحق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے خدمت خلق فاؤنڈیشن اورمیڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سےلعل شہبازقلندرؒ کےسہ روزعرس کےموقع پرلگائے گئےطبّی کیمپ کادورہ کیااورطبّی سہولیات کی فراہمی کابغورجائزہ لیا۔اس موقع پران کےہمراہ زونل کمیٹی کے ارکان اوردیگرذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعدادموجودتھی۔اکرم عادل نے میڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل اسٹاف کےارکان سے ملاقات کی اورانہیں کیمپ کے انعقادپرقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سےشاباش اورخراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کےوفدکاکراچی پریس کلب پربھوک ہڑتالی کیمپ کادورہ

## کیمپ میں موجودسندھ یونیورسٹی ’’پی ایس ٹی ٹیسٹ پاس ایکشن کمیٹی‘‘ کےچیئرمین ممتازشاہ ودیگراراکین سےملاقات کی

کراچی۔۔۔9جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست صوبائی مشیرخواجہ اظہارالحسن اوررکن ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی آفتاب سومرونےکراچی پریس کلب پر بھوک ہڑتالی کیمپ کادورہ کیااورکیمپ میں موجودسندھ یونیورسٹی ’’پی ایس ٹی ٹیسٹ پاس ایکشن کمیٹی‘‘ کےچیئرمین ممتازشاہ ودیگراراکین سے ملاقات کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سےیکجہتی کااظہارکیا۔ایکشن کمیٹی کےاراکین نے ایم کیوایم کےوفدسےگفتگوکرتے ہوئے اپنے جائزمطالبات کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیااور مشکل گھڑی میں ساتھ دینے پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کاشکریہ اداکیا۔انہوں نےکہاکہ پولیس نے ہمارے14ساتھیوں کوگرفتارکرلیاہےاورانہوں نے ایم کیوایم کے وفدسے درخواست کرتے ہوئے کہاکہ ہمارےگرفتارساتھیوں کی رہائی کےسلسلے میں مددفراہم کی جائے۔اس موقع پرایم کیوایم کے وفدنے یقینی دہانی کرائی کہ آپکے جائز مطالبات کےحل کیلئےایم کیوایم ہرممکن کوشش کریگی اورمشکل کی اس گھڑی میں آپ بھائیوں کواکیلانہیں چھوڑاجائیگااورگرفتاشدگان کی رہائی کیلئے ہرممکن کوشش کریں گے۔

☆☆☆☆☆